ترجمانِ فارسی

ہائی اسکول کے طلباء کیلئے

مرتبہ

صلاح الدین قریشی "منشی فاضل" ادیب فاضل
سینیئر اورنٹیل ٹیچر

ناشر:- اقبال بک ڈپو

اقبال روڈ - ٹرام جنکشن - صدر - کراچی ۳ - (پاکستان)

قیمت 1-0-0

Scanned by CamScanner

شبیر احمد مجاہد بلوچ
۱۴.۸.۱۹۶۶

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
اساتذہ کی خدمت میں	۵
طلباء سے	۷
مرکب اضافی	۹
مرکب توصیفی	۱۰
جار مجرور	۱۱
جملہ فعلیہ	۱۲
جملہ اسمیہ	۱۴
واحد و جمع	۱۵
مذکر و مؤنث	۱۸
معروف و مجہول	۲۰
لازم و متعدی	۲۱
مثبت و منفی	۲۳
ماضی مطلق	۲۵
ماضی استمراری	۲۶
ماضی بعید	۲۸
ماضی قریب	۲۹
ماضی شکی	۳۱
ماضی شرطی، تمنائی	۳۲
فعل مضارع	۳۴
فعل حال	۳۵
فعل مستقبل	۳۷
فعل امر	۳۸
امر مدامی	۳۹
فعل نہی	۴۱
فعل دعائیہ	۴۲
فعل معطوف	۴۳
اسم ضمیر	۴۵
اسم اشارہ	۴۷

Scanned by CamScanner

	صفحہ
اسم موصول	۴۹
اسم استفہام	۵۱
اسم صفت	۵۳
اسم فاعل	۵۵
اسم مفعول	۵۸
اسم حالیہ	۶۰
اسم حاصل مصدر	۶۲
توانستن	۶۴
گزاشتن	۶۶
خواستن	۶۸
قریب بودن نزدیک بودن	۷۰
گرفتن، آغاز نہادن	۷۲
بائستن، شائستن	۷۴
ہمیں کہ، بمجرّد	۷۶
چندانکہ، ہماں قدر	۷۸
مشکل الفاظ	۸۲
فارسی ترجمے کے چند نمونے	۹۲
جدید الفاظ اور مصادر	۱۰۰

اُردو فارسی، عربی درسی کتابیں

ملنے کا پتہ

مکتبۂ اسحاقیہ جُوتا مارکیٹ کراچی ۲ پاکستان

و

اقبال بُک ڈپو صدر کراچی پاکستان

Scanned by CamScanner

اساتذہ کی خدمت میں !

یوں تو فارسی ترجمے کے لئے بازار میں بہت سی کتابیں ملتی ہیں لیکن جس مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے یہ کتاب ترتیب دی ہے وہ یقیناً سب سے جداگانہ ہے میں اپنے پندرہ سالہ تعلیمی تجربے کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ طلباء کو جب تک عملی طور پر کسی چیز کا تجزیہ کر کے پوری ہمدردی کے ساتھ نہ سمجھایا جائے، نہ وہ اس طرف متوجہ ہوتے ہیں اور نہ اس چیز سے دلچسپی لیتے ہیں۔ بالکل یہی دقت طلباء کو فارسی ترجمہ میں بھی درپیش ہوتی ہے، اور سرسری طور پر صرف چند اصول سمجھا دینے سے انکی مشکلات حل نہیں ہوتیں۔

پیش نظر کتاب میں حتی الامکان میں نے کوشش کی ہے کہ آسان جملوں سے مشکل جملوں کی طرف قدم بڑھایا جائے اور ہر سبق میں یہ صورت اختیار کی ہے کہ سب سے پہلے اردو جملے کا تجزیہ کر کے اس کی اصلیت کو اچھی طرح طالب علم کے ذہن نشین کرا لیا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب طالب علم اپنی مادری زبان میں اصل جملے کی حقیقت اور اس کے اصلی خیال کو سمجھ لیگا تو فارسی میں ترجمہ کرتے وقت نہ تو اسے کوئی دقت محسوس ہوگی اور نہ بہت زیادہ غلطیاں کرنے کا امکان رہیگا۔ اردو جملوں کی حقیقت کو سمجھا دینے کے بعد یہ بتایا ہے کہ ان جملوں کے بنیادی خیال کو فارسی میں پیش کرنے کی کیا صورت ہے، اور اسکے لئے کن قواعد کی پابندی ضروری ہے اسکے بعد مثالیں دیکر ان قواعد اور ہدایات کو عملی صورت میں پیش کیا ہے اور آخر میں خود طلبا کے کرنے کیلئے مشقیں دیدی گئیں ہیں مشقوں میں بھی اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے کہ ان مشقوں کے جملے اوپر دیئے ہوئے

Scanned by CamScanner

تمام قواعد اور ہدایات پر حاوی ہوں، ایسا نہ ہو کہ بعض قواعد ان سے متعلقہ جملوں کے نہ ہونے کی وجہ سے عملی طور پر طلباء کی مشق میں نہ آئیں۔

اس کتاب کے مطالعے کے بعد آپ ایک چیز اور محسوس کریں گے اور وہ یہ کہ فارسی ترجمے کی مشق کے ساتھ ساتھ آپ نہایت آسانی سے طلباء کو فارسی گرامر کی بہت سی ضروری اور جستہ جستہ باتیں بھی ذہن نشین کرا سکتے ہیں۔ گویا اس کتاب کی مشقیں کرنے کے بعد بیک وقت طلباء کو دو فائدے پہنچائے جا سکتے ہیں ایک تو اردو سے فارسی ترجمہ کرنے کا فن اور دوسرے فارسی قواعد میں سے بعض ضروری چیزوں کی عملی تعلیم۔ اور اصل میں دیکھا جائے تو فارسی ترجمہ اصل میں نام ہے، گرامر کے انہی اصول اور قواعد سے عملی طور پر کام لینے کا۔

بہر حال یہ ہیں وہ مقاصد جن کی بنیادوں پر میں نے یہ کتاب ترتیب دی ہے۔ میں نے اپنی طرف سے تو ان باتوں کو سنبھالنے کی پوری کوشش کی ہے۔ لیکن میں اس میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں اس کا اندازہ لگانے کے لئے آپ لوگوں کے تعاون کی ضرورت ہے مجھے امید ہے کہ اساتذہ کرام اس سلسلے میں مجھے اپنے مفید اور قیمتی مشوروں سے محروم نہیں رکھیں گے۔ ہر قسم کی تصحیح، ترمیم، اضافہ اور دیگر امور سے متعلق تجاویز بہ خوشی قبول کی جائیں گی اور مصنف ایسے حضرات کا تہ دل سے شکر گزار ہو گا۔

کراچی۔ ۱۰ جون ۱۹۵۱ء

صلاح الدین قریشی

Scanned by CamScanner

طلباء سے

اُردو سے فارسی میں ترجمہ کرنا عام طور پر طلبا کو بہت مشکل معلوم ہوتا ہے۔ اور ہمیشہ اس سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن یہ اتنا دشوار مضمون نہیں ہے جتنا کہ انہوں نے سمجھ رکھا ہے صرف تھوڑی سی سمجھ اور ذرا مشق کی ضرورت ہے۔

پیشِ نظر کتاب میں فارسی ترجمے کو جس ڈھنگ سے پیش کیا گیا ہے، اگر طلباء نے ذرا توجہ دیکر بنیادی اصولوں کو سمجھنے کی کوشش کی اور پھر دل لگا کر دی ہوئی مشقوں کو عملی طور پہ پورا کر کے، اپنے اساتذہ سے باقاعدہ ان کی تصحیح کرالی۔ تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ انہیں اپنے مقصد میں کامیابی نہ ہو۔ اس کتاب سے استفادہ کرنے کیلئے ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل امور کو خاص طور پہ مدنظر رکھا جائے۔

(۱) ترجمہ مشق نمبر ۱ سے سلسلہ وار شروع کیجئے۔ یونہی ادھر اُدھر سے مشقیں کرنے سے کوئی خاص فائدہ نہیں ہو سکتا۔ اگر شروع کی مشقیں اتفاق سے آپ نے پہلے کر لی ہیں تب بھی دوبارہ کر لینے میں کوئی حرج نہیں ہے اور کچھ نہیں تو کم از کم اعادہ ہی ہو جائیگا۔

(۲) تمام مشقیں کرنے میں جہاں تک ہو سکے زمانے اور صیغے کا خاص طور پہ خیال رکھیئے۔ چونکہ امتحانات میں یہی دو چیزیں سب سے پہلے دیکھی جاتی ہیں۔

(۳) سب سے پہلے اردو جملوں کی ساخت اور انکی حقیقت کو سمجھنے کی کوشش کیجئے اور پھر دی ہوئی مثالوں سے مدد دیکر یہ دیکھئے کہ اُردو جملوں میں جس خیال کو پیش کیا گیا ہے فارسی میں اس خیال کو کس ڈھنگ سے بیان کیا گیا ہے۔

Scanned by CamScanner

(۴) اردو الفاظ کے مقابلے پر فارسی الفاظ اور لغات خود سوچ کر لکھنے کی کوشش کیجئے۔ مشقوں میں دیئے ہوئے مشکل الفاظ میں سے اکثر طلبا کو معلوم ہوتے ہیں۔ صرف ذرا حافظہ پر زور ڈالنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مجبوری کی حالت میں آخر میں دیئے ہوئے حل سے معلوم کر لیجئے۔

(۵) مشقوں کے آخر میں کچھ اردو عبارتوں کا فارسی ترجمہ دیا گیا ہے دونوں عبارتوں کو بغور پڑھئے۔ بخط کشیدہ فقروں و جملوں کا آپس میں مقابلہ کر کے دیکھئے کہ ایک زبان کے خیالات کو کس طرح دوسری زبان میں ادا کیا گیا ہے۔

(۶) یاد رکھیئے بعض اوقات بالکل لفظی ترجمے سے کام نہیں چلتا بلکہ ضرورت ہوتی ہے کہ اردو کے کسی خاص خیال کو فارسی طرز بیان میں سمو کر پیش کیا جائے خواہ فارسی عبارت لفظ بہ لفظ اسی ترتیب سے نہ لکھی جائے۔ ایسی صورتیں کوشش کیجئے کہ اردو عبارت کے اصل مطلب کو بامحاورہ فارسی زبان میں صحیح معنوں میں پیش کر دیا جائے۔

(۷) اگر آپ ذرا توجہ سے کام لیں تو اس کتاب کے ذریعہ گرامر کی بھی بہت سی باتیں سمجھ سکتے ہیں اور نہ صرف فارسی گرامر بلکہ اردو گرامر کے بھی بہت سے قواعد ان سبقوں کی مدد سے عملی طور پر سمجھ میں آ سکتے ہیں۔ گویا بیک وقت آپ فارسی ترجمہ کی بھی تیاری کر سکتے ہیں۔ اور فارسی یا اردو قواعد کو بھی سمجھ سکتے ہیں۔

کراچی - ۱۰ ر جون ۱۹۵۱ء

صلاح الدین قریشی

(۱) مرکّب اضافی

(احمد کی کتاب) یہ فقرہ دو لفظوں سے مرکب ہے اور ان میں ایک کی نسبت دوسرے کی طرف پائی جاتی ہے۔ اس نسبت کو اضافت کہتے ہیں، اور جس کو نسبت دی جائے اسے مضاف اور جس کے ساتھ نسبت دی جائے اُسے مضاف الیہ کہتے ہیں۔

قاعدہ :- (۱) فارسی میں اُردو کے برعکس مضاف پہلے اور مضاف الیہ بعد میں رکھتے ہیں۔ اور مضاف کے آخری حرف کے نیچے زیر (کسرۂ اضافی) دیا جاتا ہے۔ جیسے احمد کا بھائی (برادرِ احمد)

(۲) اگر مضاف کا آخری حرف الف، واؤ یا ی ہو تو یائے مجہول معہ ہمزہ (ئے) بڑھ جاتی ہے، جیسے جائے نشستن، بوئے گُل، قاضیٔ شہر۔

(۳) اگر مضاف کے آخر میں ہائے مختفی (ہ) ہو تو ہمزہ لگا کر زیر کے ساتھ پڑھتے ہیں، جیسے خانۂ اسلم۔

مثالیں

اسلم کا باپ	میرا گھر
پدرِ اسلم	خانۂ من
الرشد کی گیند	تمہارا پاؤں
گوئے الرشد	پائے شما

Scanned by CamScanner

مشق نمبر ۱

ہمارا شہر۔ بادشاہ کا محل۔ میری کتابیں۔ سعیدہ کی گڑیا
حمید کی کرسی۔ سر کے بال۔ آنکھ کی پتلی۔ گھر کے لوگ۔ آنے کی خبر
رہنے کا مکان

(۲) مرکّب توصیفی

(ٹھنڈا پانی) اس فقرے میں لفظ "ٹھنڈا" پانی کی ایک صفت بیان کر رہا ہے۔ ایسے الفاظ اسم صفت کہلاتے ہیں اور جن کی صفت بیان کی جائے ان کو موصوف کہتے ہیں۔ اور دونوں کا مجموعہ مرکب توصیفی کہلاتا ہے۔

قاعدہ:- (۱) مرکب توصیفی میں بھی اردو کے برعکس صفت پہلے اور موصوف بعد میں آتا ہے اور موصوف کے آخری حرف کے نیچے زیر (کسرہ توصیفی) دیا جاتا ہے، جیسے نیک آدمی (مردِ نیک)

(۲) اگر موصوف کا آخری حرف الف، واؤ، یّ (یا) ہائے مختفی ہو تو وہی قاعدے استعمال ہونگے جو مرکب اضافی کی صورت میں ہوتے ہیں۔

مثالیں

بڑا لڑکا	سیاہ فل بوٹ
پسر بزرگ	چکمۂ سیاہ

Scanned by CamScanner

گہرا دریا — بہتی نہر

دریائے عمیق — جوئے رواں

مشق نمبر ۲

بہادر[۱] آدمی۔ نیک[۲] دوست۔ کالا کوٹ[۳]۔ لمبا ہاتھ[۴]۔ چالاک عورت[۵]

میٹھی دہی[۶]۔ گرم دودھ[۷]۔ سچی بات[۸]۔ جوان[۹] لڑکا۔ بوڑھا باپ[۱۰]

(۳) جار مجرور

(گھر کے نیچے) نیچے ایک ایسا لفظ ہے جو گھر کے معنی کو فعل کے ساتھ ملانے کے کام آتا ہے۔ ایسے الفاظ حرف جار کہلاتے ہیں اور جن الفاظ سے پہلے آتے ہیں: انہیں مجرور کہتے ہیں۔

قاعدہ:۔ فارسی میں اردو کے برعکس حرف جار پہلے رکھتے ہیں اور مجرور بعد میں آتا ہے۔ جیسے لاہور تک (تا لاہور)

مثالیں

گھر سے — میز پر

از خانہ — بر میز

کوٹھے پر — زمین کے نیچے

بالائے بام — زیر زمین

مشق نمبر ۳

میز کے نیچے۔ گھر کے اوپر۔ شہر سے جنگل تک۔ راستے میں۔ کتاب کے اندر سب کے ساتھ۔ جمشید کے گھر کے سامنے۔ دیوار کے پیچھے۔ میرے منہ کے سامنے نرمی کے ساتھ۔

(۴) جملہ فعلیہ

(اسلم نے کتاب پڑھی) "پڑھنا" ایک ایسا فعل ہے جس میں فاعل اور مفعول دونوں کی ضرورت ہے، ایسے فعل کو فعل تام کہتے ہیں اور جن جملوں میں یہ استعمال ہوتے ہیں انہیں جملہ فعلیہ کہتے ہیں۔ بعض فعل تام ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے لئے صرف فاعل کی ضرورت ہوتی ہے۔ بعض ایسے ہوتے ہیں جن میں ایک کی بجائے دو مفعول ہوتے ہیں۔

قاعدہ:- (۱) اگر فعل صرف فاعل کے ساتھ (لازم) ہے تو پہلے فاعل اور پھر فعل رکھو، جیسے ہوا چلی (بادوزید)

(۲) اگر فعل مع فاعل اور مفعول کے (متعدی) ہے تو پہلے فاعل اور پھر مفعول اور بعد میں فعل لاؤ، جیسے محمود نے کتے کو مارا (محمود سگ رازد)

(۳) اگر فعل کے دو مفعول (متعدی المتعدی) ہوں تو جو مفعول زیادہ اہم ہوتا ہے۔ مثلاً بے جان کے مقابلے پر جاندار اسے پہلے رکھتے ہیں جیسے اس نے

Scanned by CamScanner

بھوکے کو کھانا کھلایا (او گرسنہ را طعام خوارنید)

(۴) فعل ہمیشہ فاعل کے مطابق آتا ہے۔ اگر فاعل واحد ہے تو واحد جمع ہے تو جمع۔ مذکر اور مؤنث کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں ہوتا۔

(۵) عام قاعدے کے مطابق بے جان چیزوں کے لئے جمع کی صورت میں بھی فعل واحد آتا ہے، لیکن جدید فارسی میں بعض اوقات جمع بے جان کیلئے فعل بھی جمع لاتے ہیں۔

مثالیں

ہم نے اپنے بھائی کو خط لکھا	کریم بازار سے آیا
ما برادر خویش را نامہ نوشتیم	کریم از بازار آمد
موہن گھر سے نکلا	وہ کتاب پڑھتا ہے
موہن از خانہ برآمد	او کتاب مے خواند
جمیلہ اسکول سے آئی	پتے درختوں پر ہل رہے تھے
جمیلہ از مدرسہ آمد	برگہا بر درختان مے جنبیدند

مشق نمبر ۴

احمد[1] نے کتاب میز پر رکھی۔ کیاری[2] میں پھول کھلے ہوئے تھے۔ ہم[3] اور محسن بازار جا رہے ہیں۔ تم لاہور[4] سے کب آؤ گے؟ کل[5] صبح تم نے کیا کھایا تھا

Scanned by CamScanner

ظہوؔر نے احسن کو لکڑی سے مارا تھا۔ لڑکےؔ میدان میں کھیل رہے تھے
ہم ؔنے اسکول کا کام کر لیا ہے۔ یہ قلم محمودؔ نے احمد کو دی تھی۔ میںؔ ابھی بازار
سے آیا ہوں۔

(۵) جملہ اسمیہ

(محمود عقلمند ہے) اس جملے میں "ہے" ایک ایسا فعل ہے جسکے لئے فاعل یا مفعول کی ضرورت نہیں ہے ایسے افعال فعل ناقص کہلاتے ہیں اور جن جملوں میں ان کا استعمال ہوتا ہے انہیں جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔ جملہ اسمیہ میں جس کے متعلق کچھ کہا جاتا ہے (مسندالیہ) اسے اسم اور جو کچھ کہا جاتا ہے (مسند) اسے خبر کہتے ہیں۔

قاعدہ:۔ اسم کو پہلے اور خبر کو بعد میں لاتے ہیں اور آخر میں فعل ناقص لایا جاتا ہے۔ فعل ناقص مندرجہ ذیل ہیں۔

بودن۔ شدن۔ گشتن۔ ماندن اور گردیدن وغیرہ مصادر سے بننے والے تمام افعال اور است کے تمام صیغے۔

مثالیں

دیوار سیاہ ہوگئی	سکندر ایک بادشاہ تھا
دیوار سیاہ گشت	سکندر بادشاہے بود

Scanned by CamScanner

اکرم دیوانہ ہے — ناظر دولتمند بن گیا

اکرم دیوانہ است — ناظر متموّل گردید

مشق نمبر ۵

اسلم کا بھائی پاس ہوگیا۔ محمود بہت بڑا بادشاہ تھا۔ زمین گول ہے۔
بیچارہ ناظر پاگل ہوگیا۔ حمید آج کل بیمار ہے۔ حامد بہت جلد امیر بن گیا
سب لوگ حیران تھے۔ ہم دونوں کامیاب ہوگئے۔ ارسطو ایک فلسفی تھا
اکبر مشہور بادشاہ تھا۔

(۶) واحد جمع

(لڑکا سکول سے آیا) (لڑکیاں گھر میں ہیں) پہلے جملے میں جو اسم ہے وہ
ایک کو ظاہر کرتا ہے، اور دوسرے جملے کے اسم سے ایک سے زیادہ چیزیں
سمجھی جاتی ہیں۔ پہلی قسم کے اسم واحد اور دوسری قسم کے جمع کہلاتے ہیں۔
ترجمہ کرتے وقت افعال اور ضمائر وغیرہ ہمیشہ اسم کے مطابق آتی ہیں۔

قاعدہ:۔ فارسی میں جاندار اور بے جان چیزوں کی جمع مختلف قاعدوں کے
مطابق بنائی جاتی ہے:۔

جاندار:۔ ۱۔ اسم واحد کے بعد "ان" بڑھا دیتے ہیں، جیسے پسر سے پسران
۲۔ اگر اسم واحد کے آخر میں ہائے مختفی (ہ) ہو تو جمع بنانے سے

سے پہلے لاتے گ" سے بدل کر "ان" بڑھاتے ہیں جیسے بندہ سے بندگان

۳۔ اگر اسم واحد کے آخر میں الف یا واؤ ہو تو آخر میں "یان" بڑھاتے ہیں، جیسے دانا سے دانایان اور خوبرو سے خوبرویاں۔

(ب) بیجان۔ ا۔ اسم واحد کے آخر "ہا" لگاتے ہیں، جیسے سنگ سے سنگہا

۲۔ اگر آخر میں ہائے مختفی (ہ) ہو تو "ہا" لگانے سے پہلے اسے حذف کر دیتے ہیں، جیسے خامہ سے خامہا۔ اگر آخر میں ہائے ملفوظی ہو تو اسے قائم رکھتے ہیں، جیسے گرہ سے گرہ ہا۔ فارسی جدید میں عام طور پر ہائے مختفی بھی قائم رکھی جاتی ہے۔

۳۔ بعض اوقات جمع خلافِ قاعدہ بھی آتی ہے، جیسے درخت سے درختان اور مار سے ماران

۴۔ جدید فارسی میں اکثر جمع واحد کے آخر میں "ہا" بڑھا کر بناتے ہیں خواہ اسم جاندار ہو یا بیجان، جیسے مردہا، دخترہا، صندلی ہا۔

۵۔ عربی اسما کی جمع اکثر عربی قاعدوں کے اور بعض کی فارسی قاعدوں کے مطابق بنائی جاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

مثالیں

پرندے درختوں پر بیٹھے ہیں	لڑکے کمرے میں ہیں
پرندگان بر درختہا نشستہ اند	پسراں در اطاق اند
امیر دربار میں حاضر ہوئے	عقلمندوں نے کہا ہے
امرا در دربار حاضر شدند	دانایان گفتہ اند

۱۔ یہ کتابیں اٹھا کر یہاں رکھ دو۔ ۲۔ عقلمندوں نے سچ کہا ہے
۳۔ اس میدان میں پتھر بہت ہیں۔ ۴۔ یہ قلمیں تم نے کہاں سے خریدیں
۵۔ تمہیں اسکول کے قاعدوں کا لحاظ رکھنا چاہیئے۔ ۶۔ دربار کے
امیروں نے بادشاہ سے عرض کی۔ ۷۔ میں نے یہ پنسلیں بازار سے
خریدیں۔ ۸۔ سب خدا کے بندے برابر ہیں۔ ۹۔ غریبوں کا
خدا مددگار ہے۔ ۱۰۔ عورتیں کپڑے سی رہی ہیں۔

Scanned by CamScanner

(۷) مذکّر و مؤنث

(میرا بھائی بیمار ہے) (تیری بہن کب آئی) پہلے جملے میں بھائی نر ہے۔ اور دوسرے میں بہن مادہ۔ پہلی قسم کے الفاظ مذکّر اور دوسری قسم کے مؤنث کہلاتے ہیں۔

قواعد:- (۱) بعض مذکّر و مونث کے لیئے الگ الگ الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے مَرد، زن۔ برادر، خواہر، وغیرہ

(۲) بعض اسم مشترک ہوتے ہیں یعنی نر اور مادہ دونوں کے لیئے استعمال ہوتے ہیں، جیسے بچہ کودک، گاؤ وغیرہ۔ کبھی مذکر یا مونث ظاہر کرنے کی غرض سے۔ حیوانات کی صورت میں اصل اسم سے پہلے یا بعد میں نر یا مادہ کا لفظ بڑھا دیتے ہیں، جیسے نر گاؤ، مادہ گاؤ دیا، شتر نر، شتر مادہ

(۳) جو اسمائے مشترک انسانوں کے لیئے مستعمل ہیں ان کی تذکیر و تانیث کیلئے پہلے یا بعد میں مرد یا زن بڑھا دیتے ہیں، جیسے پیر مرد پیر زن، مرد بیوہ، زن بیوہ،

(۴) عربی الفاظ کی تذکیر و تانیث کیلئے عربی قاعدہ استعمال کیا جاتا ہے

Scanned by CamScanner

عربی میں عام طور پہ مذکرؔ کے آخر (ہ) لگانے سے مؤنث کا صیغہ بن جاتا ہے، جیسے مُعَلِّم، معلمہ۔ مالِکؔ، مالکہ۔

(۵) فارسی میں اردو کے برخلاف بیجان چیزوں کی صورت میں تذکیر و تانیث کا کوئی امتیاز نہیں ہے، اسی طرح افعال اور ضمائر بھی دونوں کے لیئے ایک ہی مستعمل ہیں اور مذکر یا مونث کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

مثالیں

بہن، بھائی دونوں بھاگ گئے	استانی کمرے میں آئی
خواہر و برادر ہر دو گریختند	معلمہ در اطاق آمد
اونٹنی جنگل سے نمودار ہوئی	بوڑھا رونے لگا
مادہ شتر از صحرا نمودار شد	پیرمرد گریستن آغاز کرد

مشق نمبر ۷

۱؎ شبیر اور شبیرنی نے آدمی کو دیکھ کر جست لگائی۔ ۲؎ اونٹ بہت بوجھ اٹھاتے ہیں۔ ۳؎ بڑھیا نے اپنے لڑکے کو آواز دی۔ ۴؎ استانی لڑکیوں کو پڑھا رہی ہے۔ ۵؎ بھائی اور بہن دونوں اسکول جاتے ہیں۔ ۶؎ سانڈنی بہت تیز دوڑتی ہے۔ ۷؎ جادوگرنی نے عجیب کمال دکھایا۔ ۸؎ فقیرنی بازار میں بھیک مانگ

Scanned by CamScanner

رہی تھی۔ ۹ لڑکیاں لڑکوں سے زیادہ محنتی ہوتی ہیں۔ ۱۰ اس کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں۔

(۸) معروف و مجہول

(اقبال نے کتے کو مارا) (روٹی کھائی گئی) پہلے جملے میں فعل کا کرنیوالا معلوم ہے، ایسے افعال فعل معروف کہلاتے ہیں۔ دوسرے جملے میں اس کے فاعل کا پتہ نہیں ہے، ایسے افعال کو فعل مجہول کہتے ہیں۔ فعل مجہول ہمیشہ فعل متعدی سے آتا ہے۔ چونکہ فعل لازم میں مفعول نہیں ہوتا، اس لئے اس سے فعل مجہول نہیں بنتا۔ جیسے کھانا سے کھایا جانا، لیکن آنا سے فعل مجہول نہیں بن سکیگا۔

قاعدہ:۔ اصل مصدر کی ماضی مطلق بنا کر اسکے آگے "ہ" لگا دیتے ہیں اور پھر "شدن" مصدر سے فعل اور صیغے کے مطابق وہی فعل اور صیغہ بنا کر لگا دیتے ہیں۔

مثالیں

آج تم بلائے جاؤگے	اسے ایران بھیجا گیا ہے
امروز شما طلبیدہ خواہید شد	او بہ ایران فرستادہ شدہ است

Scanned by CamScanner

ایک امیر آدمی مارا گیا	انہیں خط لکھ دیا گیا تھا
امیرے کشتہ شد	نامہ بہ ایشاں نوشتہ شدہ بود

مشق نمبر ۸

۱ آج کتاب ضرور بھیج دی جائیگی۔ ۲ کھانا پکایا جا رہا ہے ۳ جنگل سے لکڑیاں لائی جائیں گی ۴ شبیر کو گولی سے مار دیا گیا ۵ ہم سب لڑکے بلائے گئے تھے ۶ گھوڑوں کو میدان میں دوڑایا جاتا ہے ۷ یہ خط کب لکھا گیا ہے؟ ۸ ہمیں قلمیں دی جاتی تھیں ۹ تم کہاں بھیجے گئے تھے؟ ۱۰ احسن بازار گیا ہوگا۔

(۹) لازم، متعدی اور متعدی المتعدی

(سالم آج گیا ہے) (اسلم نے کرسی بنائی) پہلے جملے میں فعل کے لئے صرف فاعل کی ضرورت ہے۔ ایسے افعال، فعل لازم کہلاتے ہیں۔ دوسرے جملے میں فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسے افعال کو فعل متعدی کہتے ہیں بعض اوقات فعل کے ساتھ ایک کی بجائے دو مفعول آتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

قاعدہ: (۱) بعض مصادر لازم ہوتے ہیں اور ان سے متعدی مصادر بنائے جاتے ہیں۔ ایسے مصادر متعدی بالواسطہ کہلاتے ہیں اس کا قاعدہ یہ ہے کہ اصل مصدر لازم کے صیغہ مضارع واحد غائب کے آخر سے "دال" (د) دور کرکے اس کے بعد "اندن" "دیا" "ایندن" بڑھادیتے ہیں جیسے دویدن (دوڑنا) مضارع دوَد۔ د = دو + اندن = دواندن (دیا) دو + ایندن (دوڑانا) یاد رکھئے تمام لازم مصادر سے متعدی مصدر نہیں بنتے

(۲) بعض مصدر خود متعدی ہوتے ہیں انہیں متعدی الاصل کہتے ہیں، پھر انہیں بڑھا کر متعدی المتعدی بنایا جاتا ہے اور اس کا قاعدہ بھی یہی ہوتا ہے، جیسے دادَن سے دہانیدن۔

(۳) جب فعل متعدی میں دو مفعول ہوتے ہیں تو جو مفعول زیادہ اہم ہوتا ہے اسے پہلے رکھا جاتا ہے اور دوسرا مفعول بعد میں۔ اس کے علاوہ پہلے مفعول کے بعد "را" یا اس سے پہلے "ب" ضرور لگاتے ہیں، جیسے حامد نے بھوکے کو روٹی دی (حامد گرسنہ را نان داد)

مثالیں

میں کتاب تمہارے گھر پہنچا دوں گا	اکرم نے اپنے بھائی کو میرے پاس بھیجا
من کتاب بہ خانۂ شما خواہم رسانید	اکرم برادر خویش را نزد من فرستاد
آج محمود نے ہم کو روٹی کھلائی تھی	انہوں نے فقیر کو ایک آنہ دلوایا ہے
امروز محمود مارا طعام خورانیده بود	ایشاں گدا را ایک آنہ دہانیده اند

مشق نمبر ۹

۱ ہم اپنے باغ کے درخت کٹوا دیں گے۔ ۲ احمد نے اپنی بہن کو تخت پر بٹھایا ۳ حامد اپنے گھوڑے کو میدان میں دوڑا رہا ہے ۴ بادشاہ نے اپنے بھائی کو مروا دیا ۵ انہوں نے اپنا مال لٹا دیا تھا ۶ ڈاکوؤں نے کسان کی جھونپڑی جلا دی ۷ میرے باپ نے فقیر کو ایک آنہ دلوایا ۸ ماں نے اپنے بچوں کو روٹی کھلائی ۹ میں تمہاری کتاب آج ضرور بھجوا دونگا ۱۰ یہ سامان آج ہی اٹھوا دینا

(۱۰) مثبت و منفی

(آج حمید اسکول گیا ہے) (کل ہم بازار نہیں جائیں گے) ایک جملے میں کام

Scanned by CamScanner

کا ہونا اور دوسرے میں نہیں ہونا پایا جاتا ہے۔ ایسے افعال علی الترتیب فعل مثبت اور فعل منفی کہلاتے ہیں

قاعدہ (۱) فعل منفی بنانے کے لئے فعل مثبت سے پہلے "ن" یا "نہ" لگا دیتے ہیں، جیسے رفت سے نرفت اور گفت سے نہ گفت۔

(۲) اگر فعل مثبت میں الف ممدودہ (آ) ہو تو حرف نفی بڑھاتے وقت اسے (ی) سے بدل دیتے ہیں، جیسے آموخت سے نیاموخت

(۳) ماضی استمراری اور فعل حال کی صورت میں حرف نفی، مے کے ساتھ آتا ہے، جیسے نمے آمد اور نمے آید اسی طرح فعل مستقبل اور فعل مجہول کی صورت میں خواہد اور شدن کی گردان کے ساتھ آتا ہے، جیسے نخواہد رفت اور گرفتہ نہ شدہ است۔

مثالیں

وہ دودھ میں پانی نہیں ملاتا	حمید اسکول نہیں جاتا تھا
او آب در شیر نیامیزد	حمید بہ مدرسہ نمے رفت
حامد اور محمود دونوں نہیں بلائے جائیں گے	تمہارا بھائی میرے پاس نہیں آتا
حامد و محمود ہر دو طلبیدہ نخواہند شد	برادرِ شما نزد من نمے آید

مشق نمبر ۱۰

۱۔ حامد آج اسکول نہیں جائیگا۔ ۲۔ تم نے یہ قلم اس کو دی تھی۔ ۳۔ تم سبق یاد نہیں کرتے ہو۔ ۴۔ اسلم روز اسکول جاتا ہے۔ ۵۔ ہم نے ان کو آزمایا نہیں تھا۔ ۶۔ ہم روز سبق یاد کر لیتے ہیں۔ ۷۔ تمہیں آج بازار نہیں بھیجا جائیگا۔ ۸۔ میں پہلے ان کے پاس نہیں جاتا تھا۔ ۹۔ تم بازار کیوں نہیں جاتے۔ ۱۰۔ ہم کل نہیں آئیں گے۔

(۱۱) ماضی مطلق

(سلیم بازار گیا) اس جملے میں صرف گزرا ہوا زمانہ پایا جارہا ہے اور قریب یا بعید کی قید نہیں ہے۔ ایسے افعال کو ماضی مطلق کہتے ہیں

قاعدہ: فارسی مصدر کے آخر سے نون اور اس سے پہلے حرف کی حرکت دور کر دیتے ہیں تو صیغہ واحد غائب بن جاتا ہے۔ پھر صیغے علی الترتیب (ند، ئی، ید، م، یم، کی علامتیں لگا کر بنا لیتے ہیں۔

پہچان: صیغہ واحد غائب کے آخر میں (یا) ہوتا ہے۔ جیسے لایا، کھایا

Scanned by CamScanner

مثالیں

لڑکیاں مدرسے گئیں	تم دیر سے آئے
دختراں بمدرسہ رفتند	شما بدیر آمدید
تم نے میری بات نہیں سنی	آج ہم نے ایک کتاب پڑھی
شما بہ سخنِ من گوش ندادید	امروز ما کتابے خواندیم

مشق نمبر ١١

(١) اس نے ہماری بات نہیں سنی۔ (٢) یہ سن کر وہ گھر سے نکل گیا۔ (٣) ہم بازار سے سیب لائے (٤) تونے کھانا کھایا (٥) تم نے کتابیں خریدیں (٦) وہ آج لاہور چلے گئے (٧) میں رات کو آرام سے سویا (٨) تم نے ساری باتیں اپنے بھائی سے کہدیں (٩) لڑکیوں نے امتحان پاس کرلیا (١٠) ہم نے روپے انکو دیدیے۔

(١٢) ماضی استمراری

(اسلم اسکول جارہا تھا) (ہم تم کو خط لکھتے تھے) دونوں جملوں میں گزرا ہوا زمانہ پایا جارہا ہے، لیکن ساتھ ہی پہلے جملے میں کام کا جاری رہتا

Scanned by CamScanner

اور دوسرے میں بار بار واقع ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ اس قسم کے افعال کو ماضی ناتمام یا ماضی استمراری کہا جاتا ہے۔

قاعدہ :۔ ماضی مطلق کی گردان سے پہلے مے بڑھائے جاتے ہیں۔

پہچان :۔ صیغہ واحد غائب کے آخر میں (تا تھا، رہا تھا) ہوتا ہے۔ جیسے لاتا تھا، لا رہا تھا۔

مثالیں

حامد تمہارے پاس سے جا رہا تھا	ہم بھی کتابیں پڑھا کرتے تھے
حامد از پیش شما مے رفت	ما ہم کتابہا مے خواندیم
محمودہ کپڑے سی رہی تھی	جب تم آتے تھے تو ہم باغ جاتے تھے
محمودہ جامہ ہا مے دوخت	چوں شما مے آمدید ما بہ باغ مے رفتیم

مشق نمبر ۱۲

۱۔ تم ہمارے پاس آیا کرتے تھے ۲۔ پرندے آسمان پر اڑ رہے تھے۔
۳۔ استاد سبق پڑھا رہا تھا ۴۔ ہم تم دونوں میدان میں کھیلا کرتے تھے۔
۵۔ حمید جب آتا تھا تو ہم سیر کو جایا کرتے تھے ۶۔ لوگ پہاڑ پر چڑھ رہے تھے۔ ۷۔ چوہا بھاگ رہا تھا۔ اور بلی اس کے پیچھے دوڑ رہی تھی۔

Scanned by CamScanner

ث تم اپنے بھائی سے باتیں کر رہے تھے ۹ ہم روزانہ غسل کرتے تھے ۱۰ تم تازہ پھل کھایا کرتے تھے۔

(۳) ماضی بعید

(ہم نے یہ کتاب پڑھی تھی) یہاں گزرے ہوئے زمانے کے ساتھ اس بات کا بھی پتہ چلتا ہے کہ فعل کو گزرے ہوئے کافی عرصہ گزر چکا ہے ایسے افعال ماضی بعید کہلاتے ہیں۔

قاعدہ:۔ ماضی مطلق صیغہ واحد غائب کے بعد "ہ" بڑھا کر "بود" کی گردان لگا دیتے ہیں۔ بود کی گردان یہ ہے (بود، بودند، بودی، بودید، بودم، بودیم)

پہچان:۔ صیغہ واحد غائب کے آخر میں (یا تھا) ہوتا ہے جیسے گیا تھا، لایا تھا۔

مثالیں

اصغر اور محمود لاہور گئے تھے	ریل اسٹیشن پر ٹھہری تھی
اصغر و محمود بہ لاہور رفتہ بودند	ترن بہ محطہ ایستادہ بود

Scanned by CamScanner

تم نے جھوٹ کہا تھا	ہم نے اپنا کام ختم کر لیا تھا
شما دروغ گفتہ بودید	ما کارِ خویش را ختم کردہ بودیم

مشق نمبر ١٣

١ وہ سب کے ساتھ بازار گیا تھا۔ ٢ ہم بھی رات کو تھیٹر گئے تھے۔ ٣ احسن کو ہم نے دور سے دیکھ لیا تھا۔ ٤ پچھلے سال میں نے تمہارے ساتھ امتحان پاس کیا تھا۔ ٥ یہ تو میں نے ان سے پہلے ہی کہہ دیا تھا۔ ٦ گاڑی اسٹیشن پر آچکی تھی۔ ٧ سالم کل اپنے بھائی کے ساتھ گھڑ دوڑ دیکھنے گیا تھا۔ ٨ ہوائی جہاز ہر طرف اڑ رہے تھے۔ ٩ بجلی کڑک رہی تھی اور مینہ برس رہا تھا۔ ١٠ تم نے کھانا کھا لیا تھا۔

(١٤) ماضی قریب

(اکرام نے پانی پیا ہے) اس میں بھی گزرا ہوا زمانہ پایا جاتا ہے، لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ فعل کو گزرے ہوئے کچھ زیادہ وقت نہیں گزرا ہے، ایسے افعال ماضی قریب کہلاتے ہیں۔

قاعدہ:۔ ماضی مطلق کے صیغۂ واحد غائب کے بعد "د"، بڑھا کر است

Scanned by CamScanner

کی گردان لگا دیتے ہیں۔ است کی گردان یہ ہے۔ (است، اند، ای، اید، ام۔ ایم)

پہچان: صیغہ واحد غائب کے آخر میں (یا ہے) ہوتا ہے جیسے لایا ہے۔ لکھا یا ہے۔

مثالیں

وہ بازار سے آگیا ہے	لڑکیوں نے یہ کتاب پڑھی ہے
او از بازار آمدہ است	دختراں ایں کتاب خواندہ اند
اسلم! تو نے خط لکھا ہے	ہم نے قلمیں خریدی ہیں
اسلم! تو نامہ نوشتہ ای	ما خامہ ہا خریدہ ایم

مشق نمبر ۱۴

۱ ہم نے آج ہی ان کو بازار میں دیکھا ہے ۲ میں نے تمہارے لئے بہت کوشش کی ہے ۳ وہ دونوں ابھی ابھی گئے ہیں ۴ احسن نے اپنی بہن کو بھیجدیا ہے ۵ تم نے پولیس کپتان سے ملاقات کی ہے ۶ دو آدمی بازار میں لڑ رہے ہیں ۷ تمہاری کتابیں آگئی ہیں ۸ گاڑی روانہ ہو چکی ہے ۹ لڑکوں نے سب کتابیں پڑھلی ہیں ۱۰ وہ کئی دفعہ کراچی آچکے ہیں۔

Scanned by CamScanner

(۱۵) ماضی شکی

(میں نے کبھی تم کو دیکھا ہوگا) یہاں گزرے ہوئے زمانے میں شک پایا جا رہا ہے۔ اس کو ماضی شکی، یا ماضی احتمالی کہتے ہیں۔

قاعدہ:۔ ماضی مطلق صیغۂ واحد غائب کے بعد "ہ" بڑھا کر باشد کی گردان لگا دیتے ہیں، باشد کی گردان یہ ہے (باشد، باشند، باشی، باشید، باشم، باشیم)

پہچان:۔ صیغہ واحد غائب کے آخر میں (یا ہوگا) ہوتا ہے جیسے کھایا ہوگا۔ لایا ہوگا

مثالیں

سلیم نے کچھ کہا ہوگا	شاید میں نے بھی کبھی ہم سے قلم لی ہوگی
سلیم چیزے گفتہ باشد	وقتے من ہم از شما خامہ گرفتہ باشم
یہ کرسی تم نے بنائی ہوگی؟	اب تم سب باتیں سمجھ گئے ہوگے
ایں صندلی شما ساختہ باشید؟	حالا شما ہمہ سخنہا را فہمیدہ باشید

Scanned by CamScanner

مشق نمبر ۱۵

۱۔ انہوں نے ہمارا انتظار کیا ہوگا۔ ۲۔ احمد نے اپنے بھائیوں کو تلاش کیا ہوگا۔ ۳۔ آج میرے بھائی کا خط آیا ہوگا۔ ۴۔ تم نے شاید اپنے والد کو دیکھا ہوگا۔ ۵۔ تمہاری بہن ضرور آئی ہوگی۔ ۶۔ دریا میں پانی چڑھ آیا ہوگا۔ ۷۔ تم نے عجائب گھر دیکھا ہوگا۔ ۸۔ اس سے پہلے تم نے مجھے نہیں دیکھا ہوگا۔ ۹۔ احسن نے میرے متعلق کیا خیال کیا ہوگا۔ ۱۰۔ تم نے ساری باتیں اپنی ماں سے کہدی ہوں گی۔

۱۶۔ ماضی شرطی، تمنائی

(کاش وہ یہاں آتا) (اگر ہم بازار جاتے) پہلے جملے میں ماضی کے ساتھ شرط اور دوسرے میں تمنا پائی جاتی ہے۔ اس قسم کے افعال علی الترتیب ماضی شرطی اور ماضی تمنائی کہلاتے ہیں۔

قاعدہ:۔ عام طور پر اس ماضی کے تین صیغے، واحد غائب، جمع غائب، واحد متکلم ہوتے ہیں اور بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ ماضی مطلق کے انہی صیغوں کے بعد یائے مجہول (ے) بڑھا دیتے ہیں، جیسے

Scanned by CamScanner

آفتادن سے آفتادے واحد حاضر، جمع حاضر اور جمع متکلم کے لئے ماضی استمراری کے صیغے استعمال کئے جاتے ہیں۔

پہچان: صیغۂ واحد غائب کے آخر میں (تا) ہوتا ہے۔ جیسے کاش میں کہتا، اگر وہ آتا۔

مثالیں

کاش ہم تم سے کہہ دیتے	اگر وہ لوگ آجاتے تو کچھ مل ہی جاتا
کاش ما بہ شما می گفتیم	اگر لبتیاں آمدندے چیزے یافتندے
اگر تو مجھ سے مل لیتا تو میں ساتھ چلتا	کیا اچھا ہوتا کہ ہم تم ساتھ چلتے
اگر تو مرا می دیدی من ترا با خود بردے	کاش من و تو ہمپلے یکدیگر می رفتیم

مشق نمبر ۱۶

۱۔ اگر ہم جاتے تو وہ ضرور ملتے ۲۔ اگر حامد وقت پر جاتا تو گاڑی مل جاتی۔ ۳۔ کاش تم پہلے ہم سے کہہ دیتے۔ ۴۔ اگر تم باقاعدہ دوا کھاتے تو ضرور اچھے ہو جاتے ۵۔ کاش میرا بھائی خوب محنت کرتا ۶۔ اگر ہم دونوں آتے تو تم نہیں جاتے ۷۔ کاش اسلم تھوڑی دیر اور انتظار کرتا ۸۔ اگر وہ ہم سے کہہ دیتا تو ہم اس کو روپے نہ دیتے۔ ۹۔ کاش تم ہماری قدر کرتے ۱۰۔ اگر میں گھر

Scanned by CamScanner

نہ پہنچتا تو ضرور چوری ہو جاتی ۔

(۱۷) فعل مضارع

(جب حامد آئے تو روٹی کھا لینا) اس جملے میں آئے ایک ایسا فعل ہے جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جاتے ہیں ۔ یعنی حامد خواہ ابھی (حال) آئے یا آئندہ (مستقبل) دونوں صورتوں میں کھانا کھا لینا ۔ اس قسم کے افعال فعل مضارع کہلاتے ہیں ۔

قاعدہ : فعل مضارع بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں ہے ۔ تمام مضارع اچھی طرح یاد کر لینے چاہئیں ۔ اتنا ضرور یاد رکھنا چاہیئے کہ ہر فعل مضارع صیغۂ واحد غائب کے آخر میں ہمیشہ دال ساکن ہو گی اور اس سے پہلے حرف پر زبر ہو گا ۔ جیسے خوانَد ، رَوَد وغیرہ

پہچان : صیغہ واحد غائب کے آخر میں (ئے) ہوتا ہے ۔ جیسے آئے جائے

مثالیں

جب میں آؤں تو میرے ساتھ چلنا	اگر شاہد آئے تو میں باغ جاؤں
چوں من بیایم ہمپائے من بہ روید	اگر شاہد بیاید من بہ باغ بروم

حمید سے کہدینا صبح آجائے	لڑکیاں اسکول نہ جائیں
حمید را بگو حمید بامداداں بیاید	دختراں بمدرسہ نرود

مشق نمبر ۱۷

۱ جب تمہارا بھائی آجائے تو چلے جانا ۲ اس قدر مت کھانا کہ نقصان پہنچے ۳ جب کراچی پہنچ جاؤ تو خط ضرور لکھنا ۴ وہ ساری کتابیں بازار میں بیچ دیں ۵ ہم ذرا کھانا کھالیں ۶ جب ضرورت ہو نوکر کو آواز دے لیں ۷ ذرا ٹھہرو وہ کپڑے پہن لے ۸ جب بازار میں جاؤ تو یہ خط لیٹر بکس میں ڈال دینا ۹ اگر نفرت ہو تو میں تمہارے پاس کیوں آؤں ۱۰ میں آخر کب تک تیرا انتظار کروں۔

(۱۸) فعل حال

(لڑکے روز اسکول جاتے ہیں) (تم کہاں جارہے ہو؟) دونوں جملوں میں فعل موجودہ زمانے میں واقع ہو رہا ہے۔ اسی کو فعل حال کہتے ہیں۔

قاعدہ :۔ فعل مضارع سے پہلے "می" لگانے سے بنتا ہے، جیسے دیدن

Scanned by CamScanner

سے بتیند ، مے + بیند = مے بیند

پہچان :- صیغہ واحد غائب کے آخر میں (تا ہے ، رہا ہے) ہوتا ہے
جیسے پیتا ہے ۔ پی رہا ہے ۔

مثالیں

میں اسکول سے آرہا ہوں	ظالم لوگ دوزخ میں جاتے ہیں
من از مدرسہ مے آیم	ظالماں بدوزخ مے روند
لڑکے اور لڑکیاں میدان میں کھیل رہے ہیں	اچانک سکندر ہندوستان پر حملہ کردیتا ہے
پسران و دختراں در میدان بازی مے کنند	اسکندر بر ہندوستان دفعتہً یلغار کرد

مشق نمبر ۱۸

۱۔ تم تیز کیوں بھاگتے ہو ۲۔ تمہارے والد کل صبح آرہے ہیں ۳۔ خادمہ ہمارا کھانا پکاتی ہے ۴۔ وہ ہمیشہ مجھکو دھوکا دیا کرتا ہے ۵۔ گھوڑے کو دیکھو کیا دوڑا جارہا ہے ۶۔ ہم تمہارے گھر کے قریب رہتے ہیں ۔ ۷۔ برسات میں مینہ خوب برستا ہے ۸۔ میں صبح کا کھانا گھر پر کھاتا ہوں ۹۔ سیٹی کون بجارہا ہے ۱۰۔ تم ہمارے پاس کب آرہے ہو ؟

Scanned by CamScanner

(۱۹) فعل مستقبل

(میں کل لاہور جاؤں گا) اس جملے میں آنیوالا زمانہ پایا جاتا ہے۔
ایسے افعال فعل مستقبل کہلاتے ہیں۔

قاعدہ:۔ ماضی مطلق سے پہلے خواہد کی گردان لگاتے ہیں، جیسے گرفتن سے خواہد گرفت گردان کرتے وقت خواہد کی گردان ہوگی، اصل ماضی مطلق بدستور قائم رہے گی۔

پہچان:۔ صیغہ واحد غائب کے آخر میں (ئے گا) ہوتا ہے جیسے آئیگا، لائے گا۔

مثالیں

ہم کل سیر کو جائیں گے	اُمید ہے اب کبھی جھوٹ نہیں بولو گے
دیروز ما برائے سیر خواہیم رفت	توقع دارم زنہار دروغ نخواہید گفت
اگر کبھی تم آؤ گے تو ایک کتاب دونگا	کیا آج اخبار نہیں خریدو گے
اگر رفتے خواہید آمد کتابے خواہم داد	آیا امروز روزنامہ نخواہید خرید؟

Scanned by CamScanner

(۲۰) فعل امر

(اسلم یہاں آؤ) اسلم کو آنے کا حکم دیا جارہا ہے، اس قسم کے افعال کو فعلِ امر کہتے ہیں۔

قاعدہ:۔ فعل مضارع صیغۂ واحد غائب کے آخر سے دال (د) دور کرکے شروع میں بے (ب) لگادیتے ہیں، جیسے نشستن سے نشیند۔ د = نشیں ب + نشیں = بنشیں۔ بعض اوقات شروع میں بے نہیں لگاتے۔

نوٹ:۔ فعل امر کے اصل میں صرف دو صیغے واحد حاضر اور جمع حاضر ہوتے ہیں، جمع حاضر کے لیے صیغۂ واحد حاضر کے بعد ضمیر جمع حاضر (ید) بڑھا دیتے ہیں۔ جیسے بنشیں + ید بنشیند صیغۂ واحد غائب اور جمع غائب وغیرہ کے لیے فعل مضارع کے انہی صیغوں سے پہلے بے (ب) لگادیتے ہیں جیسے برود (وہ جائے) بگویم (میں کہوں)

مثالیں

میری کتاب میز پر رکھ دو	اپنا سبق بلند آواز سے پڑھو
کتاب مرا بر میز بنہید	سبق خویش بہ آواز بلند بخواں
نوکر سے کہہ دو پانی لائے	محمود اور اسلم ابھی گھر سے نکل جائیں
پیش خدمت را بگو آب بیارد	محمود و اسلم ہمیں دم از خانہ بیروں بروند

مشق نمبر ۲۰

۱ روزانہ صبح سویرے اٹھا کرو۔ ۲ حامد ابھی ہاتھ منہ دھو کر، کھانا کھالو۔ ۳ زیادہ اونچی آواز سے مت پڑھو ۴ محسن سے کہو کہ مدرسے نہ جائے ۵ کمرے کے دروازے کھول دو ۶ خدا کے غضب سے ڈرو ۷ سامنے والی کھڑکی بند کردو ۸ پیاسوں کو پانی پلاؤ ۹ فقیر سے کہہ دو کہ پیسہ لے جائے ۱۰ تمہارا بھائی آئے تو یہ کتاب لے جائے۔

(۲) امرِ مدامی

(مجھے خط لکھتے رہو) اس جملے میں ہمیشہ خط لکھنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔ اسی کو امرِ مدامی کہتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

قاعدہ: (۱) حاضر کے دونوں صیغے فعل مضارع کے آخر سے دال (د) دور کر کے اس سے پہلے "مے" بڑھانے سے بنتے ہیں، جیسے نوشتن سے، نویسد = د = نویس = مے + نویس = مے نویس (لکھتا رہ) مے نویس + ید = مے نویسید (لکھتے رہو)

(۲) ماضی مطلق کے بعد (ہ) بڑھا کر واحد حاضر میں "مے باش" اور جمع حاضر میں "مے باشید" بڑھا دیتے ہیں، جیسے رفتن سے، رفتہ مے باش (جاتا رہ) رفتہ مے باشید (جاتے رہو)

مثالیں

اپنی جگہ بیٹھا رہ	میں ابھی آتا ہوں تم کتاب پڑھتے رہو
بر جائے خویش مے نشیں	من ہمیں حالا مے آیم شما کتاب مے خوانید
اپنے پیدا کرنے والے کو یاد کیا کر	ہر ایک کے ساتھ نیکی کیا کر
آفرینندۂ خویش را یاد مے کن	با ہر کس نیکی کردہ باش

مشق نمبر ۲۱

روزانہ نماز پڑھتا رہ[۱] سامنے دروازے پر دیکھتے رہو[۲] اوپر سے آواز دیتے رہو[۳] کراچی سے برابر خط لکھتے رہنا[۴] ہر وقت خدا[۵]

Scanned by CamScanner

۵۔ تو یاد کرتا رہ ۶۔ خاموش اپنی جگہ بیٹھا رہ ۷۔ صبح سے شام تک کام کیا کر ۸۔ میں آتا ہوں تم یہاں بیٹھو رہو ۹۔ صبح کے وقت سیر کیا کر ۱۰۔ آنے جانے والوں کو دیکھتے رہو۔

(۲۲) فعل نہی

(حامد جھوٹ مت بولو) یہاں جھوٹ نہ بولنے کا حکم دیا جا رہا ہے، ایسے افعال فعل نہی کہلاتے ہیں۔

قاعدہ:۔ فعل امر کی طرح اسکے بھی حاضر کے دونوں صیغے فعل مضارع کے آخر سے دال (د) دور کرکے اور شروع میں میم (م) بڑھانے سے بنتے ہیں۔

یعنی دونوں صیغے فعل مضارع کے دونوں صیغوں سے پہلے میم (م) بڑھانے سے بنتے ہیں، جیسے رفتن سے روَد۔ د = روَ (م) + رو = مرو + ید = مروید۔

مثالیں

کبھی دشمن کو حقیر مت سمجھو	آج کا کام کل پر مت چھوڑ
زنہار دشمن را حقیر مشمارید	کار امروز بہ فردا مگذارید

وہ کل صبح میرے پاس نہ آئیں	دھوپ میں ننگے سر نہ پھرو
ایشاں بامداداں نزدِ من نیایند	در آفتاب برہنہ سر مگردید

مشق نمبر ۲۲

۱۔ گرم پانی مت پینا ۲۔ دھوپ میں ننگے سر مت پھرو ۳۔ دروازہ کھلا ہوا مت چھوڑو ۴۔ جب تک میں نہ کہوں، باہر مت جانا ۵۔ سڑی ہوئی سبزی مت پکاؤ ۶۔ خدا کے لئے شراب مت پی ۷۔ اس طرح مکان کو خالی مت چھوڑو ۸۔ خدا کو کبھی مت بھولو ۹۔ بارش میں ننگے پاؤں مت پھرو ۱۰۔ ابھی کھانا مت کھا۔

(۲۳) فعل دعائیہ

(خدا تمہیں نیکی کی توفیق دے) اس جملے میں دعا کے معنی پائے جاتے ہیں۔ اس قسم کے افعال فعل دعائیہ کہلاتے ہیں۔

قاعدہ: فعل مضارع کے آخری حرف یعنی دال (د) سے پہلے الف بڑھا دیتے ہیں جیسے دہد سے دہاد، کند سے کناد وغیرہ۔ البتہ بود سے فعل دعائیہ ہمیشہ باد آتا ہے

Scanned by CamScanner

مثالیں

خدا تیری حالت پر رحم کرے	خدا کرے تیری عمر دراز ہو
خدا بر حالِ تو رحم کناد	عمرت دراز باد
تیرا خاندان ہر بلا سے محفوظ رہے	خدا ہمارے ملک کو ہمیشہ قائم رکھے
خدائے تعالیٰ دودمانِ ترا از ہر بلا نگہ داراد	ملکِ ما پائندہ باد

مشق نمبر ۲۳

(۱) خدا تجھے ہر بلا سے محفوظ رکھے (۲) خدا کرے تمہارے باپ کی عمر دراز ہو۔ (۳) خدا تم کو نیک کاموں کی توفیق دے (۴) ہمارا ملک ہمیشہ قائم رہے (۵) تمہارا بھائی کا نام ہر جگہ مشہور ہو (۶) اسلام کا بول بالا ہو (۷) انقلاب ہمیشہ قائم رہے (۸) ظالموں کا خانہ خراب ہو (۹) نیکوں کو ہر جگہ کامیابی ہو۔ (۱۰) خدا کرے غریبوں کا ہر طرح بھلا ہو۔

(۲۴) فعل معطوف

(میں بازار سے آکر سو گیا) میں یکے بعد دیگرے دو کاموں کا ہونا پایا جاتا ہے

Scanned by CamScanner

ایسے افعال کو فعل معطوف کہا جاتا ہے۔ اصل میں یہ جملہ یوں تھا" میں بازار سے آیا اور سو گیا" اختصار کے خیال سے اس میں ذرا سی تبدیلی کر دی ہے۔ اور دونوں فعلوں کو ایک دوسرے سے ملا دیا ہے۔

قاعدہ: پہلے فعل کی ماضی مطلق صیغۂ واحد غائب بنا کر آخر میں "ہ" بڑھا دیتے ہیں اور پھر دوسرے فعل کو صیغے اور زمانے کے لحاظ سے بنا لیتے ہیں۔ پہلا فعل یعنی فعل معطوف ہمیشہ اپنی اصلی حالت میں رہیگا اور جو کچھ تبدیلی ہوگی دوسرے فعل میں ہوگی۔

مثالیں

استاد نے کمرے میں آکر آواز دی	میں لاہور گیا اور اپنے دوستوں سے ملا
آخوند در اطاق آمدہ بانگ داد	من بہ لاہور رفتہ رفیقانِ خویش را دیدم
احمد کھانا کھا کر آئے گا	ہم سبق یاد کر کے اسکول آتے ہیں
احمد نان خوردہ خواہد آمد	ما سبق را یاد گرفتہ بہ مدرسہ می آئیم

مشق نمبر ۲۴

۱ میں ان سے باتیں کر کے چلا آیا۔ ۲ استاد نے کلاس میں جا کر محمود کو مارا۔ ۳ اس کا بھائی روز آتا ہے اور اس کو لے جاتا ہے۔ ۴ حامد خوب

Scanned by CamScanner

سوچ کر باتیں کرتا ہے ۵ بازار جا کر ساگ خرید لاؤ ۶ میں نے بستر بچھایا اور لیٹ گیا ۷ ہم دروازہ کھولتے ہیں اور اندر گھس جاتے ہیں ۸ چوروں نے قفل توڑ کر مال چرا لیا ۹ ہم یہ کتاب پڑھ کر دیدیں گے ۱۰ مجید آیا اور تمہیں دیکھ کر چلا گیا۔

۲۵ اسم ضمیر

(محمود اور اس کا بھائی لاہور گئے ہیں) (تیری کتاب میرے پاس ہے)

ان جملوں میں "اس کا" اور "تیرا" دونوں لفظ اسم کی جگہ استعمال ہوئے ہیں۔ اس قسم کے الفاظ کو اسم ضمیر کہتے ہیں۔

ضمیریں دو طرح کی ہوتی ہیں بعض دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر آتی ہیں، جیسے کتابُم، قلمت وغیرہ ان کو ضمائر متصل کہتے ہیں۔ بعض الگ استعمال ہوتی ہیں اور ان کو ضمائر منفصل کہتے ہیں، جیسے اَو ایشان وغیرہ۔

قاعدہ (۱) صیغوں کے مطابق ضمیریں بھی چھ ہوتی ہیں اور ہر ایک کی تین حالتیں ہوتی ہیں، یعنی حالت فاعلی، حالت مفعولی اور حالت اضافی۔ اس طرح ضمیریں کل چھ قسم کی ہوئیں۔ تمام

Scanned by CamScanner

ضمائر کا مکمل نقشہ مندرجہ ذیل ہے

ضمائر متصل

حالت فاعلی	+	ند	ی	ید	م	یم
حالت مفعولی و اضافی	ش	شاں	ت	تاں	م	ماں

ضمائر منفصل

حالت مفعولی	او را، وے را	آنہا را، ایشاں را	ترا	شما را	مرا	ما را
حالت فاعلی و اضافی	او ، وے	آنہا ، ایشاں	تو	شما	من	ما

(۲) اگر ضمیر کے ساتھ تاکید بھی مطلوب ہو تو عام طور پہ ضمیر سے پہلے یا بعد میں "خود" کا استعمال ہوتا ہے، جیسے میں نے ہی (من خود یا خود من) اس نے ہی (او خود یا خود او)

(۳) اپنا، اپنے، اپنی کے لئے فارسی میں خویش کا استعمال ہوتا ہے، جیسے اپنا گھر (خانۂ خویش)

Scanned by CamScanner

مثالیں

میں نے تیری کتاب اس کو دیدی	تم نے اپنا قلم کس کو دیا ہے
من کتابت بہ او دادم	شما قلم خویش کرا دادید؟
میں خود تمہارے پاس آیا تھا	میں، تم اور حامد اس کتاب کو پڑھیں گے
من خود نزدِ شما آمدہ بودم	من، شما و حامد این کتاب را خواہیم خواند یا

مشق نمبر ۲۵

۱۔ میں تم کو بلانے آیا ہوں ۔ ۲۔ وہ لوگ کل یہاں آئے تھے ۔ ۳۔ ہم اور تم دونوں ساتھ چلیں گے ۔ ۴۔ میں نے ان کو ابھی دیکھا تھا ۔ ۵۔ تیری کتابیں میں خود لاؤں گا ۔ ۶۔ ہماری قلمیں کھو گئی ہیں ۔ ۷۔ میں نے ان کے روپے انہی کو دیدئے ہیں ۔ ۸۔ اپنی زندگی میں نیک کام کرلو ۔ ۹۔ تم نے خود ہی مجھ کو بلایا تھا ۔ ۱۰۔ اپنی قلمیں کسی کو نہ دیا کرو ۔

(۲۶) اسم اشارہ

(یہ کتاب اور وہ قلم مجھے دیدو) اس جملے میں " یہ " قریب اور " وہ "

بعید کے لیے استعمال ہوا ہے۔ پہلی قسم کے الفاظ اشارہ قریب اور دوسری کے اشارہ بعید کہلاتے ہیں۔ اور جس چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اسے مشارٌ الیہ کہتے ہیں۔

قاعدہ: عام طور پہ مندرجہ ذیل اسمائے اشارہ مستعمل ہیں:۔

اشارۂ قریب	ایں	(واحد، جاندار یا بیجان)
	اینہاں، اینہا	(جمع، جاندار یا بیجان)
اشارۂ بعید	آں	(واحد، جاندار یا بے جان)
	آناں، آنہا	(جمع، جاندار یا بے جان)
اشارۂ تاکیدی	ہمیں (یہی)	(قریب کے لیے)
	ہماں (وہی)	(بعید کے لیے)

نوٹ:۔ جس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اگر وہ اسم اشارہ کے ساتھ مذکور ہو تو واحد اور جمع دونوں صورتوں میں اسم اشارہ واحد ہی آئیگا، جیسے آں طفلاں اور ایں کتابہا۔

مثالیں

یہ کتاب اٹھا کر لے جاؤ	ہاں! یہی قلم میں نے دیکھا تھا
ایں کتاب را برداشتہ ببرید	بلے! ہمیں قلم را دیدہ بودم

وہ لڑکے کہاں سے آئے ہیں	وہ کہاں گئے تھے
آں پسراں از کجا آمدہ اند	آنہا کجا رفتہ بودند

مشق نمبر ۲۶

۱۔ یہ کتابیں اپنے گھر لے جاؤ۔ ۲۔ یہ قلم اور پنسل میری ہے۔ ۳۔ وہ لوگ جو سامنے کھڑے ہیں ہمارے رشتہ دار ہیں۔ ۴۔ یہ قلمیں تم نے کہاں سے خریدیں۔ ۵۔ وہ کتابیں میں آج ہی خرید کر لایا ہوں۔ ۶۔ سلیم کل یہ خط تمہارے بھائی کو دے گیا تھا۔ ۷۔ میں آج یہ اخبار ضرور پڑھ لوں گا۔ ۸۔ میں یہی کتاب پڑھنی چاہتا ہوں۔ ۹۔ تم کیا دہی میز پسند ہے۔ ۱۰۔ میں اسی لڑکے کو ڈھونڈھ رہا تھا۔

(۲۷) اسم موصول

(جس نے نیکی کی اچھا کیا) اگر "جس نے" کے ساتھ "نیکی کی" نہ کہا جائے تو معنی پوری طور پہ نہیں سمجھے جاتے۔ ایسے الفاظ اسم موصول کہلاتے ہیں اور جو جملہ ان کے معنوں کو پورا کرتا ہے، اسے صلہ کہتے ہیں۔

قاعدہ:۔ عام طور پر مندرجہ ذیل اسمائے موصول مستعمل ہیں۔

جاندار کیلئے { واحد :۔ ہر کہ، ہر آنکہ، آنکہ، کسے کہ، شخصے کہ
جمع :۔ آنانکہ، کسانیکہ

ہیجان کے لئے { واحد :- ہرچہ ، ہرآنچہ ، آنچہ ، چیزے کہ
جمع :- چیزہائے کہ

(۱) اس کے علاوہ جب اسم نکرہ سے اسم موصول بنانا مقصود ہو اس کے بعد یائے مجہول (ے) اور کاف بیانیہ (کہ) بڑھا دیتے ہیں، جیسے مرد سے مردے کہ، کتاب سے کتابیکہ۔

(۲) اگر کسی اسم نکرہ کے آخر میں ہائے مختفی (ہ) ہوتی ہے تو اسے ہمزہ (ء) سے بدل دیتے ہیں، جیسے جامہ سے جامۂ کہ، خامہ سے خامۂ کہ۔ اسی طرح اگر آخر میں الف، واؤ اور یے ہوتی ہے تو یائے مجہول اور ہمزہ (ئے) بڑھا دیتے ہیں، جیسے روئے کہ، دانائے کہ، قاضئے کہ۔

(۳) بعض اوقات اسم نکرہ سے پہلے آں یا آں لگا کر آخر میں کاف بیانیہ (کہ) بھی لاتے ہیں، جیسے آں کتاب کہ، آں چیز کہ

مثالیں

جس نے محنت کی کامیاب ہوا	جو مہماں کہ کل آئے تھے، چلے گئے
ہر کہ محنت کرد کامیاب گشت	مہمانانیکہ دیروز آمدہ بودند، برنشتند

جو کچھ تمہارے پاس ہے مجھ کو دیدو	جو کتاب کہ میں لایا ہوں، ضرور پڑھنا
ہرچہ مے دارید مرا بدھید	آن کتاب کہ آوردہ ام ، بالضرور بخوانید

مشق نمبر ۲۷

(۱) جو کچھ تم نے کہا تھا، مجھے یاد ہے (۲) جو کبھی آیا اپنی قسمت ساتھ لایا۔ (۳) جو شخص کل آیا تھا، اسے میں نہیں جانتا۔ (۴) جو چیزیں تمہیں پسند ہیں، میں لا دوں گا (۵) جو قاضی خود شراب پیئے وہ دوسروں کو کیا روک سکتا ہے (۶) جو لوگ محنت کرتے ہیں، ضرور کامیاب ہوتے ہیں (۷) جو کچھ کہو سوچ سمجھ کر کہو (۸) جو چیز خریدو گے، حفاظت سے رکھنا (۹) جو لوگ خدا سے ڈرتے ہیں، گناہ نہیں کرتے (۱۰) ہر وہ چیز جو چمکتی ہے سونا نہیں ہوتی۔

(۲۸) اسم استفہام

(تم کہاں جانا چاہتے ہو) کہاں ایک ایسا لفظ ہے، جس کے ذریعے سوال کیا گیا ہے۔ ایسے الفاظ اسم استفہام کہلاتے ہیں۔

قاعدہ :- حرف استفہام مندرجہ ذیل ہیں :-

(۱) کہ (کون) واحد انسان کے لئے، جمع کیاں

(۲) کرا (کس کو) واحد انسان اور بے جان دونوں کے لئے، جمع کیاں را (صرف انسان کے لئے)

(۳) کُدام (کون سا) واحد اور جمع دونوں صورتوں میں انسان اور بے جان کے لئے

(۴) کُجا (کہاں) تعین مقام کے لئے

(۵) کَے (کب) تعین وقت کے لئے

(۶) چہ قدر (کتنا) تعین مقدار کے لئے

(۷) چَند، چندتا (کے) تعین تعداد کے لئے

(۸) چوں، چساں، چطور، چگونہ (کس طرح) کیفیت معلوم کرنے کے لئے

(۹) چہ (کیا) بیجان چیزوں کے متعلق سوال کرنے کے موقع پر

(۱۰) چرا، ازچہ، ازبہرچہ (کیوں) وجہ معلوم کرنے کے لئے

(۱۱) آیا، مگر (کیا) رائے معلوم کرنے کے لئے

(۱۲) چیست (کیا) کیست (کون ہے)

مثالیں

آج تم نے کتنے بادام کھائے تھے	آپ حامد کا کیا حال ہے
امروز شما چندتا بادام خوردہ بودید؟	حالا حامد چطور است ؟

مریض کو کتنا پانی دینا چاہیے	تم نے بازار کس کو بھیجا ہے
مریض راچہ قدر آب باید داد ؟	شما بہ بازار کرا فرستادہ اید ؟

مشق نمبر ۲۸

(۱) یہ سامنے کون کھڑا ہے ؟ (۲) ماسٹر صاحب نے کس کو بلایا تھا ؟ (۳) تم نے کتنا پانی بھرا تھا ؟ (۴) یہ میز کرسی کس کی ہے ؟ (۵) تم کل دیر سے کیوں آئے تھے ؟ (۶) کیا تم اپنے بھائی سے بڑے ہو ؟ (۷) اب تمہارا کیا حال ہے ؟ (۸) تم نے احسن کو کتنے روپے دیے تھے ؟ (۹) صبح تم کس وقت اسکول جاتے ہو ؟

۱۰ مجھے کون شخص بلانے آیا تھا ؟

(۲۹) اسم صفت

۱ ۔ (کریم عقلمند ہے) لفظ عقلمند سے کریم کا معمولی طور پہ دانا ہونا ثابت ہوتا ہے اور کسی سے مقابلہ نہیں کیا گیا۔ اسے تفصیل نفسی یا تفضیل محض کہتے ہیں ۔

۲ ۔ (کریم رحیم سے زیادہ عقلمند ہے) یہاں عقلمند ہونے میں کریم کا رحیم سے مقابلہ کیا گیا ہے اسے تفضیل بعض کہتے ہیں ۔

Scanned by CamScanner

۳۔ (رحیم سب لڑکوں سے زیادہ عقلمند ہے) کریم کی فضیلت سب لڑکوں پر ثابت کی گئی ہے اسے تفضیل کل کہتے ہیں

قاعدہ :۔ (۱) تفضیل نفسی کے لئے اُردو کے مقابلے پر فارسی کا ہم معنی لفظ رکھا جاتا ہے (۲) تفضیل بعض کے لئے اصل اسم صفت کے بعد " تر " کا لفظ بڑھا دیتے ہیں اور جس سے مقابلہ کیا جاتا ہے اس سے پہلے " از " لگا دیتے ہیں (۳) تفضیل کل کے لئے اسم صفت کے بعد " ترین " کا لفظ بڑھا دیتے ہیں اور " ترین " کے نون کے نیچے زیر دے کر اس کے بعد جمع کے صیغے میں وہ اسم رکھ دیتے ہیں جس پر فوقیت دینی ہوتی ہے۔ تینوں کی مثالیں ہوئیں۔ (۱) کریم دانا است ، (۲) کریم از رحیم داناتر است (۳) کریم داناترینِ پسران است ۔

(۲) ان کے علاوہ فارسی میں اور بھی الفاظ ہیں ، جن کے ذریعے تفضیل بعض اور تفضیل کل ثابت کی جاتی ہے ۔ مثلاً تفضیل بعض کیلئے ، بسیار ، خوب خیلے ، زیادہ وغیرہ اور تفضیل کل کیلئے ، نہایت ، ازبس ، لغایت ، ازحد وغیرہ ۔

مثالیں

صحت دولت سے اچھی ہے	حمیدہ سب میں زیادہ ذہین لڑکی ہے
صحت از دولت بہتر است	حمیدہ ذہین ترین دختران است

یہ چاقو بہت ہی تیز ہے	حامد اچھا لکھتا ہے
ایں قلمتراش بغایت تیز است	حامد خوب می نویسد

مشق نمبر ۲۹

(۱) محمود بہت محنتی لڑکا ہے (۲) اسلم سب سے زیادہ ذہین لڑکا ہے۔ (۳) تم بہت تیز دوڑتے ہو (۴) شاہد اپنے بھائی سے زیادہ عقلمند ہے (۵) تم بہت جلدی بڑھتے ہو (۶) محسن تمہاری بہ نسبت زیادہ شریف ہے (۷) حامد ہم سب میں بڑا ہے (۸) میرا بھائی بہت ہی شریر ہے (۹) تمہارے بھائیوں میں سب سے چھوٹا کون سا ہے۔ (۱۰) سلیم میرے مقابلے پر بہت کمزور ہے۔

(۳۰) اسم فاعل

(خدا سب کا پیدا کرنے والا ہے) (تان سین ایک مشہور گویا تھا) پہلے جملے میں "پیدا کرنیوالا اور گویا" دونوں میں سے ہر لفظ ایک ایسی ذات پر دلالت کرتا ہے، جس سے پیدا کرنے اور گانے کا فعل صادر ہوتا ہے ایسے اسم کو اسم فاعل کہتے ہیں۔

قاعدہ :۔ اسم فاعل دو طرح کے ہوتے ہیں ایک تو وہ جو کسی خاص قاعدے

کے مطابق بنتے ہیں، جیسے کنندہ (کرنیوالا) آفرینندہ (پیدا کرنیوالا) انہیں اسم فاعل قیاسی کہتے ہیں۔ دوسری قسم کے اسم فاعل وہ ہوتے ہیں، جن کا کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں ہوتا اور اہل زبان کے محاورے کے مطابق ان کا استعمال ہوتا ہے، جیسے زرگر (سنار) دربان (چوکیدار) وغیرہ ایسے الفاظ کو اسم فاعل سماعی کہا جاتا ہے۔ دونوں قسم کے اسم فاعل بنانے کے مندرجہ ذیل قاعدے ہیں۔

(۱) اسم فاعل قیاسی، فعل مضارع کے آخر سے دال (د) دور کر کے اس کے بعد "ندہ" بڑھانے سے بنتا ہے۔ جیسے کرنیوالا، مصدر (فارسی) کردن، مضارع کند۔ د = کن + ندہ = کنندہ (ب) اگر کسی مضارع کے آخر میں دال سے پہلے (ی) ہو تو علامت اسم فاعل (ندہ) لگاتے وقت اسے ہمزہ (ء) سے بدل دیتے ہیں، جیسے، ربودن، رباید ربائندہ، گفتن، گوید، گوئندہ۔

(۲) اسم فاعل سماعی، مختلف طریقوں پر آتا ہے۔ عام طور پہ مندرجہ ذیل صورتیں مستعمل ہیں:۔

ﺍ۔ اسم جامد اور فعل امر سے مل کر بنتا ہے، جیسے نامہ نویس، باجگزار، آتش بیز وغیرہ۔

ب۔ اسم کے ساتھ بعض خاص الفاظ بڑھانے سے بنتا ہے۔ وہ الفاظ یہ ہیں

Scanned by CamScanner

و ر۔ چی۔ گار گر۔ بان وغیرہ جیسے۔ جانور۔ مشعلچی، مددگار، زرگر
دربان۔

ج۔ فارسی میں عربی اسم فاعل بھی مستعمل ہیں، جیسے عاقل، محسن، مقابل
وغیرہ۔

(۳) اسم فاعل کی جمع بنانے کے مندرجہ ذیل قاعدے ہیں۔

ا۔ اسم فاعل کے آخر سے (ہ) دور کر کے "گان" لگا دیتے ہیں، جیسے کنندہ
سے کنندگان۔

ب۔ بعض عربی اسم فاعل کی جمع عربی کے علاوہ فارسی طریقے سے اصل
اسم کے آخر میں "آں" بڑھا کر بھی بناتے ہیں، جیسے کامل سے کاملاں

مثالیں

لکھنے والے نے کیا خوب لکھا ہے	یہ عقلمندوں کا کام نہیں ہے
نویسندہ چہ خوب نوشتہ است	ایں کار عاقلاں نیست
